## سوال

(681) ﷺ آپ کے سامنے پڑھا گیا یا حکم دیا ؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

(1) صلی اللہ علیہ وسلم درود نبی ﷺ کے سامنے پڑھا گیا یا آپ نے پڑھنے کا حکم دیا ؟

(2) علیہ الصلوۃ والسلام بھی پڑھ سکتے ہیں کہ نہیں ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

(1) صحیح مسلم کتاب الایمان باب نزول عیسیٰ بن مریم میں رسول اللہ ﷺ کا بذات خود لفظ ''صلی اللہ علیہ وسلم''

پڑھنا مذکور ہے ملاحظہ فرمالیں۔ تمام کتب حدیث اس پر دال ہیں کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ کی زندگی میں بھی ''صلی اللہ علیہ وسلم'' کہا اور پڑھا کرتے تھے تقریری حدیث بننے کے لیے اتنی چیز ہی کافی ہے۔

(2) اس کا مجھے علم نہیں کہ یہ لفظ کہیں آئے ہیں یا نہیں ؟

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## احکام ومسائل

## ذکرودعا کے مسائل ج1ص485

محدث فتویٰ